2022
2023
# پراسپیکٹس




## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور


Ph:068-5795930, Email: gpgcwlqpryk@gmail.com








# PROSPECTUS

2022-2023

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE

(For Women)

LIAQUAT PUR


Ph:068-5795930

Email: gpgcwlqpryk@gmail.com


کالج ہذا کا شاندار اعزاز حکومت پنجاب کی جانب سے شاندار تعلیمی خدمات کے حوالے سے دیئے گئے

### تعریفی سرٹیفیکیٹ









بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست


| نمبرشمار | ترتیب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | کالج کی مختصر تاریخ | 4 |
| 2 | انتظامی شعبہ جات | 6 |
| 3 | داخلہ کا طریقہ کار | 8 |
| 4 | ہدایات برائے تکمیل فارم | 9 |
| 5 | مطلوبہ دستاویزات | 10 |
| 6 | شعبہ جات تدریسی عملہ | 13 |
| 7 | کالج کونسلز/کمیٹیز | 14 |
| 8 | والدین سے چند گزارشات | 15 |
| 9 | مضامین کا انتخاب | 17 |
| 10 | گوشوارہ انتخابات مضامین | 18 |
| 11 | فیس،فنڈز اور واجبات | 20 |
| 12 | لائبریری استعمال کرنے کے قواعد وضوابط | 23 |
| 13 | کالج یونیفارم | 25 |
| 14 | فیس گوشوارہ جات | 26 |
| 15 | بیان حلفی/ داخلہ فارم | 28 |


## نوٹ

یہ کوائف نامہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور کی آئینی دستاویز ہے جس کے حوالہ جات ، محکمہ جاتی سرکلرز ، کالج آفس ریکارڈ، بورڈ اور یونیورسٹی کیلنڈرز اور پنجاب ایجوکیشن کوڈ سے اخذ کیے گئے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

# پراسپکٹس

**سرپرستی ومشاورت**

اسسٹنٹ پروفیسر **مسز صنوبر سلطانہ** (پرنسپل)

**نگران ترتیب و تسوید**

**مسز شازیہ تبسم** (اسسٹنٹ پروفیسر آف بیالوجی)

## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور

Phone: 068-5795930 —— Email: gpgcwlqpryk@gmail.com

# کالج کی مختصر تاریخ

## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور

لیاقت پور ضلع رحیم یار خان کی اہم اور سرسبز تحصیل ہے، صحرائے چولستان اس شہر سے زیادہ دور نہیں، اس لئے گرمیوں کا موسم کافی شدید ہوتا ہے۔ تحصیل کی آبادی آٹھ لاکھ افراد پر مشتمل ہے۔ بہاولپور اور رحیم یار خان شہروں کی وسطی آبادی کے لیے اس کالج کا قیام اعلیٰ تعلیم کی خواہش مند طالبات کیلئے ایک نعمت کا درجہ رکھتا ہے۔ شہر سے متصل کالج کی جدید پر شکوہ دیدہ زیب عمارت آپ کے اعلیٰ تعلیمی ذوق کو پورا کرنے کے لیے موجود ہے۔ پرنسپل اور سٹاف ممبرز آپ کی اچھی شہری، اچھی بیٹی، اچھی بہن اور مستقبل کی اچھی ماں بننے میں اپنی صلاحیتوں سے آپ کی مدد کرنے میں ہر وقت تیار ہوں گی۔ یہاں پر اعلیٰ تعلیمی ماحول آپ کا منتظر رہے گا۔ تعلیمی ادارہ آپ کی رہنمائی میں بھرپور مدد کرے گا۔

## آغاز و ارتقاء

لیاقت پور میں طالبات کے لیے میٹرک کے بعد تعلیم کا حصول ناممکن تھا، یہاں کی ذہین طالبات کے لیے رحیم یار خان اور بہاولپور جا کر تعلیم حاصل کرنا بہت دشوار تھا۔ یہاں کے شہریوں اور تعلیم کے متوالوں نے طالبات کے لیے کالج کی ضرورت محسوس کی اور ان کی کوششوں سے کالج کا آغاز بطور انٹر کالج 1982ء میں ہوا اور انٹر کالج میں طالبات نے نامساعد حالات میں بورڈ میں نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔

انٹر کالج کے اجراء نے تعلیمی ماحول کو جلا بخشی اور طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر شہریوں کی انتھک کوششوں سے حکومت پنجاب نے یکم ستمبر 1989ء سے اپ گریڈ کر کے ڈگری کالج کی منظوری دے دی۔ کالج ہذا کا رقبہ 12 ایکڑ 4 کنال پر محیط ہے۔ رقبہ کالج کی جملہ ضروریات پورا کرنے کے لیے ہے۔ آڈیٹوریم اور کالج ہوسٹل کی تعمیر کے لیے کوشش کی جارہی ہے۔

16 ستمبر 2017ء کو مسز صنوبر سلطانہ صاحبہ نے بطور پرنسپل چارج سنبھالا اور اپنی منفرد قائدانہ صلاحیت کی بنیاد پر کالج ہذا کو ایک اچھے انداز میں چلا رہی ہیں۔ خدا انہیں صحت و ترقی دے اور ہر میدان میں کامیابی ان کے قدم چومے، اللہ تعالیٰ انہیں اپنی حفاظت میں رکھے اور انہیں دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ (آمین)

# داخلہ کیلئے آن لائن درخواست کا طریقہ کار

## پبلک سیکٹر کالجز میں انٹرمیڈیٹ داخلے کیلئے آئن لائن درخواست دیں

**1**

www.ocas.punjab.gov.pk

پر جائیں اور رول نمبر کے اندراج کے بعد اپنا بورڈ منتخب کریں

**2**

درخواست کی فیس (25 روپے)

بینک آف پنجاب کسی بھی شاخ جمع کروائیں

**3**

کالج اور پروگرام منتخب کریں

اور درخواست کی فیس کی رسید پرنٹ کریں

## یہ سہولت پنجاب بھر کے 600 سے زیادہ کالجز کیلئے مہیا کی گئی ہے

تفصیلات کیلئے برائے مہربانی ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ (www.hed.punjab.gov.pk)

یا آئن لائن کالج ایڈمیشن سسٹم کی ویب سائٹ (www.ocas.punjab.gov.pk) سے رجوع کریں۔

### اہم معلومات

- ☆ انٹرنیٹ کی سہولت کی حامل کسی بھی جگہ سے آن لائن درخواست دیں۔
- ☆ ایک سے زیادہ درخواستیں (صرف کالجوں/ پروگراموں کیلئے) بھی دی جاسکتی ہیں۔
- ☆ درخواست سے متعلق معلومات خودکار طریقے سے متعلقہ کالجوں کو فراہم کی جائیں گی۔
- ☆ متعلقہ کالج آپ کے میٹرک کے نتائج، آپ کی درخواست کے ہمراہ خودکار طریقے سے دیکھ سکیں گے۔
- ☆ آپ اپنی درخواست کا سٹیٹس آن لائن معلوم کر سکتے ہیں۔

**ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ**

ہیلپ لائن: 111-11-20-20

(صبح 9 بجے تا شام 5 بجے تک)

منجانب

**پرنسپل وسٹاف گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور 068-5795930**

## عمارت :

لیاقت پور شہر کے بیچ 12 ایکڑ 4 کنال پر محیط اس خوبصورت کالج کی عمارت چار بلاک پر مشتمل ہے۔جنہیں ایڈمنسٹریشن بلاک، ڈگری بلاک، کمپیوٹر بلاک اورایم اے بلاک کا نام دیا گیا ہے۔ جبکہ لائبریری بلاک سٹوڈنٹس فرنیچر، باؤنڈری وال کی تکمیل ہوچکی ہے، سائنسی مضامین کی تجربہ گاہیں، کھیل کے میدان اور خوبصورت لان کالج کے بہتر اور پُر امن تدریسی ماحول کے ضامن ہیں۔

## عملہ :

کالج کے تدریسی اور انتظامی معاملات چلانے کے لیے پرنسپل کو ادارے کے سربراہ کی حیثیت حاصل ہے۔وائس پرنسپل، اُس کے معاون کے طور پر کام کرتا ہے۔تدریسی عملہ میں مختلف مضامین کے ماہرین اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ میں کلریکل سٹاف اور درجہ چہارم کے تمام ملازمین تدریسی و انتظامی امور میں معاونت کے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔

# انتظامی شعبہ جات

### ا۔کالج آفس:

کالج آفس ہیڈ کلرک کی سربراہی میں کام کرتا ہے۔سینئر کلرک اور جونیئر کلرک اس کی معاونت کرتے ہیں۔کالج آفس کے انتظامی شعبہ میں جو امور بنائے جاتے ہیں اُن میں کالج کے اندر یا باہر سرکاری خط و کتابت اور اس کا ریکارڈ رکھنا، منصوبہ بندی کرنا، سالانہ بجٹ کی تیاری اور اُس کا استعمال، مختلف گرانٹس کا استعمال اور ریکارڈ رکھنا، اساتذہ و دیگر عملہ کی ذاتی فائلوں کا ریکارڈ اور تکمیل شامل ہیں جبکہ کالج آفس کا شعبۂ طالبات جو کام سرانجام دیتا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

☆ طالبات کے واجبات کے چالان تیار کر کے دینا تا کہ وہ بینک میں جمع کرائے جاسکیں۔ یاد رہے کہ واجبات صرف بینک چالان کی صورت میں وصول کیے جاتے ہیں۔

☆ طالبات کو شناختی کارڈ اور کیریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کرنا۔

☆ وظائف، فیس، معافی، زکوٰۃ فنڈ، ریلوے رعایت فارم کا اجراء اور ضروری کاروائی کرنا۔

☆ نئے داخلوں کے لیے پراسپکٹس/درخواست فارموں کا اجراء اور وصولی۔

☆ طالبات سے متعلق حسابات اور فنڈات کا استعمال اور ریکارڈ رکھنا۔

☆ باقاعدہ طالبات کے کوائف کا ریکارڈ اور اس کی حفاظت وغیرہ۔

## ۲۔ شعبۂ امتحانات:

شعبۂ امتحانات، نامزد کنٹرولر امتحان اور معاون عملے پر مشتمل ہے۔ اس شعبہ کے زیر اہتمام کالج کے داخلی، امتحانات منعقد ہوتے ہیں۔ یہ شعبہ ماہانہ ٹیسٹ، دسمبر ٹیسٹ، داخلہ ٹیسٹ اور دیگر خصوصی امتحانات کے انعقاد کے انتظامات کرتا ہے۔ اہم امور میں ڈیٹ شیٹ کی تیاری و اعلان، پرچہ سازی، امتحان کا انعقاد، پیپر مارکنگ، نتائج کی تیاری اور نتائج کی کالج انتظامیہ اور والدین کو ترسیل شامل ہیں، شعبہ امتحانات میں امتحان سے متعلق ہر قسم کا ریکارڈ محفوظ رکھا جاتا ہے۔ بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات کے لیے Menual اور Online Form جمع کرواتے ہوئے طالبات رجسٹر میں اپنا نام، رول نمبر، فون نمبر اور دستخط کریں گی۔

## ۳۔ لائبریری اور ریڈنگ روم:

طالبات اور اساتذہ کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے اور پُرسکون تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے کالج میں تقریباً 7613 حوالہ جات، نصابی و دیگر موضوعات پر مشتمل کتب کی حامل لائبریری موجود ہے، جہاں طالبات کے لیے اخبارات و جرائد کے مطالعے کی سہولت وبھی موجود ہے۔

## ۴۔ پراکٹوریل بورڈ:

کالج میں نظم وضبط قائم رکھنے کے لیے یہ شعبہ کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ چیف پراکٹر اور ممبر، تدریسی سٹاف سے نامزد کیے جاتے ہیں۔ بورڈ کی معاونت کے لیے طالبات کے انتخاب میں ان کی تعلیمی اہلیت، مثبت سوچ اور مضبوط کردار کو بنیاد بنایا جاتا ہے۔ پراکٹوریل بورڈ کے فرائض میں طلباء کے یونیفارم، شناختی کارڈ چیک کرنا، بیرونی عناصر کی حوصلہ شکنی کرنا، تعلیمی فضا کو برقرار رکھنا، مختلف تقریبات اور عام دنوں میں نظم وضبط کے قیام میں کالج انتظامیہ کی معاونت شامل ہیں۔ خلاف ورزی کرنے پر پراکٹوریل بورڈ متعلقہ طالبات کے خلاف پرنسپل کو تادیبی کاروائی کرنے کی سفارش کرتا ہے۔

## ۵۔ کالج کونسل:

یہ کالج کا ایک مقتدر ادارہ ہے جو پرنسپل، وائس پرنسپل، سینئر اساتذہ، دیگر افسران، منتخب طالبات اور طالبات کے والدین پر مشتمل ہوتا ہے۔ کالج کی تعمیر وترقی کے لیے مستقل بنیاد پر قائم اس کونسل کے تحت اہم مالی اور انتظامی اُمور نپٹائے جاتے ہیں۔

## ٦۔ داخلہ کا طریقہ کار:

چونکہ انٹرمیڈیٹ، ڈگری اور پوسٹ گریجوایٹ کی سطح پر یہ کالج بالترتیب ثانوی تعلیمی بورڈ بہاول پور اور اسلامیہ یونی ورسٹی بہاول پور سے الحاق شدہ ہے اس لیے داخلے کے ضمن میں انہی اداروں کی جاری کردہ ہدایات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

## ۷۔ نظام الاوقات داخلہ:

میٹرک، انٹر اور بی۔ اے۔ بی۔ ایس سی کے نتائج کے اعلان کے بعد ہر سال، سالِ اوّل کے داخلے جولائی/اگست جبکہ سالِ دوم

اور پوسٹ گریجوایٹ لیول کے داخلے ستمبر / اکتوبر میں ہوتے ہیں۔ گورنمنٹ کی جاری کردہ داخلہ پالیسی اور بورڈ، یونی ورسٹی کے اعلان کردہ شیڈول کی روشنی میں کالج کی داخلہ کمیٹی متعلقہ اداروں کی ہدایات کے مطابق داخلے کا شیڈول بناتی ہے۔ یہ نظام الاوقات کالج نوٹس بورڈ اور قومی ومقامی اخبارات کے ذریعے مشتہر کیا جاتا ہے۔ جس میں درخواستیں جمع کرانے کی قطعی آخری تاریخ، میرٹ لسٹوں، ویٹنگ لسٹوں، انٹرویو اور واجبات کی ادائیگی کی تاریخ، سپورٹس، ٹرائل اور ہم نصابی سرگرمیوں کی بنیاد پر داخلوں کی تفصیل درج ہوتی ہے۔

## ۸۔ ہدایات برائے تکمیل داخلہ فارم:

(۱): جس کلاس (سالِ اوّل، سال سوم) اور جس گروپ آرٹس، سائنس (پری میڈیکل، پری انجینئر نگ، جنرل سائنس) میں داخلہ مطلوب ہو اس پر ( ✓ ) کا نشان لگائیں اور باقی کو کراس کر دیں۔

(۲): نام اور ولدیت وہی لکھیں جو رزلٹ کارڈ، سرٹیفکیٹ پر درج ہو۔

(۳): انٹر پارٹ I میں داخلے کے لیے میٹرک کا سال سوم میں داخلے کے لیے انٹر کا رجسٹریشن نمبر لکھیں۔

(۴): تاریخ پیدائش میٹرک کے رزلٹ کارڈ، سرٹیفکیٹ کے مطابق صحیح درج کریں اور درخواستوں کی آخری تاریخ وصول تک کل عمر شمار کریں۔

(۵): مستقل پتا، ڈومیسائل، شناختی کارڈ کے مطابق اور موجودہ پتا (اگر مختلف ہو) واضح کریں اور فون نمبر بھی درج کریں۔

(۶): اُمیدوار کا شناختی کارڈ نہیں بنا تو ''ب'' فارم کا نمبر درج کریں۔

(۷): امتحانی نتائج میں سالِ اوّل کی طالبات میٹرک جب کہ سالِ سوم کی طالبات میٹرک اور انٹر دونوں کے نمبر و دیگر معلومات لکھیں۔

(۸) مضامین درج کرنے سے پہلے مضامین کے انتخاب میں دی گئی ہدایات ضرور پڑھیں تا کہ آپ مضامین کے ناموزوں انتخاب سے بچ سکیں۔

(۹): داخلہ فارم میں تصویر کی مختص کردہ جگہ پر ایک تصویر چسپاں کریں بقیہ تصاویر فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

(۱۰) رسید میں داخلہ فارم نمبر اور نام کا اندراج خود کریں۔

## ۹۔ مطلوبہ دستاویزات:

فارم مکمل کرنے کے بعد درج ذیل دستاویزات کی مصدقہ کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ لف کریں:

۱۔ میٹرک/انٹر/ گریجوایشن کا رزلٹ کارڈ (تین عدد)

۲۔ گزشتہ تعلیمی ادارے کے ہیڈ مسٹریس/پرنسپل صاحبہ کا جاری کردہ کریکٹر سرٹیفکیٹ (ایک عدد)

۳۔ ذاتی شناختی کارڈ/ ''ب'' فارم (دو عدد)

۴۔ ڈاک کے لفافے جوابی پتہ کے ساتھ (چار عدد)

۵۔ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک/انٹر یا گریجوایشن کرنے کی صورت میں متعلقہ بورڈ/یونیورسٹی کا مائیگریشن عدم اعتراض کا سرٹیفکیٹ (دو عدد)

۶۔ مخصوص سیٹوں پر داخلے کے لیے ہیڈ مسٹریس/پرنسپل صاحبہ یا متعلقہ اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی کاپی

۷۔ مساوی قابلیت کا سرٹیفکیٹ (اگر درکار ہو) (تین عدد)

۸۔ فائل کور (ایک عدد)

فائل کور پر ضروری معلومات کا اندراج کر کے تمام دستاویزات مع فارم اس میں ٹیگ کریں اور اسے کالج آفس کے شعبہ طلبات میں جمع کروا کر رسید اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

## ضروری وضاحتیں:

☆ آخری تاریخ کے بعد داخلہ فارم وصول نہیں کیے جاتے:

☆ اگر کوئی اُمیدوار بیک وقت آرٹس / سائنس (پری انجینئرنگ / پری میڈیکل) یا مخصوص کوٹے کے لیے درخواست گزارتا ہے تو ہر ایک کے لیے الگ الگ فارم جمع کرائے گا۔

## شرائط داخلہ:

۱۔ داخلہ قطعی طور پر میرٹ کے مطابق ہوگا کسی قسم کی سفارش یا دباؤ اُمیدوار کے حق میں نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔

۲۔ داخلہ فارم ہر لحاظ سے مکمل ہونا چاہیے، نامکمل فارم مسترد شمار ہونگے۔

۳۔ کالج میں مشروط داخلے نہیں کیے جاتے ۔ بورڈ، یونی ورسٹی سے مکمل کامیاب قرار پانے والے اُمیدوار ہی داخلہ لینے کے اہل ہونگے۔

۴۔ کسی غلط بیانی یا حقائق چھپانے کے انکشاف پر کالج داخلہ منسوخ کرنے کا استحقاق رکھتا ہے۔

۵۔ سالِ اوّل اور سالِ سوم کے لیے عمر کی زیادہ سے زیادہ حد بالترتیب ۱۸اور ۲۲ سال ہے۔ زاید عمر کی رعایت محکمہ تعلیم حکومت پنجاب سے حاصل کی جاسکتی ہے تاہم دو سال تک کی رعایت پرنسپل دے سکتی ہیں۔ گورنمنٹ پالیسی کے مطابق اس میں ترمیم ہوتی رہتی ہے۔

۶۔ اسناد کی نقول کا کسی گزیٹیڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

۷۔ انٹرویو کے لیے طالبہ کا اپنی اصل دستاویزات کے ہمراہ داخلہ کمیٹی کے سامنے پیش ہونا ضروری ہے۔

۸۔ نشستوں کی تقسیم میں حکومت کی تازہ ترین ہدایات پر عمل کیا جاتا ہے۔

۹۔ مخصوص نشستوں پر داخلہ فارم کے ساتھ استحقاق کا اصل سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہے۔

۱۰۔ آخری تاریخ وصولی داخلہ فارم کے بعد کوئی فارم قبول نہیں کیا جاتا اور نشستیں مکمل ہونے پر داخلے بند کر دیے جاتے ہیں۔

۱۱۔ داخلہ کمیٹی داخلے کی سفارش کرے گی، حتمی فیصلہ سربراہ ادارہ کا ہوگا جسے عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔

## انٹرویو، اصل دستاویزات کی جانچ اور چالان فارم کا اجرا:

کالج کی داخلہ کمیٹی اپنے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق مقرر کردہ تاریخوں میں میرٹ لسٹیں کالج نوٹس بورڈ پر چسپاں کرے گی۔ بعدازاں شیڈول میں دی گئی تاریخ میں اُمیدوار کا انٹرویو ہوگا۔ کامیاب اُمیدوار کی اصل دستاویزات و منسلکہ نقول کی جانچ پڑتال اور اطمینان کے بعد داخلہ کمیٹی اُس کا کیس اُسی روز کالج آفس شعبہ طالبات کو بھیج دے گی جہاں سے اُمیدوار کو مقررہ فیس اور فنڈات کا چالان فارم جاری کیا جائے گا جسے امیدوار کو کالج کی طرف سے مقرر کردہ بینک (بنک آف پنجاب کچی منڈی برانچ لیاقت پور) میں ادا کر کے رسید کی نقل کالج میں جمع کرانا ہوگی۔ یوں امیدوار کا کالج میں داخلہ لینے کا عمل مکمل ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ کالج میں داخلہ فیس اور دیگر واجبات کی ادائیگی کا واحد ثبوت بینک چالان کی کاپی ہی تصور ہوگی۔ نقد رقم دینے یا دیگر ذرائع استعمال کرنے والی طالبات اپنے نقصان کی خود ذمہ دار ہونگے۔ نیز سال بھر کی فیس اور واجبات یکمشت وصول کیے جاتے ہیں دوسری اور تیسری میرٹ لسٹ، مخصوص نشستوں، کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کی بنیاد پر کامیاب امیدواران کا داخلہ بھی درج بالا طریقہ کار کے تحت مکمل کیا جاتا ہے۔

# شعبہ جات /تدریسی عملہ

**پرنسپل** مسز صنوبر سلطانہ صاحبہ اسسٹنٹ پروفیسر
ایم اے انگلش

**وائس پرنسپل** مسز نوشین ناز اسسٹنٹ پروفیسر

**Co-Signatory** مسز شازیہ تبسم اسسٹنٹ پروفیسر آف بیالوجی

## شعبہ انگریزی

1۔ مسز صنوبر سلطانہ — ایم اے۔ بی ایڈ۔ — اسسٹنٹ پروفیسر
2۔ مس مصباح یاسمین — ایم اے انگلش صدر شعبہ انگریزی — لیکچرر
3۔ آسامی خالی ہے ______ اسسٹنٹ پروفیسر
4۔ مسز ثمن علی ______ لیکچرر
5۔ مسز ناہید رانا ______ لیکچرر

## شعبہ اسلامیات

1۔ مس رقیہ اشرف — ایم۔ اے — لیکچرر
2۔ آسامی خالی ہے ______ لیکچرر

## شعبہ ایجوکیشن

آسامی خالی ہے ______ لیکچرر

## شعبہ بیالوجی

مسز شازیہ تبسم — ایم ایس سی۔ بی ایڈ — اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ باٹنی

ثمرہ نواز — ایم ایس سی۔ — لیکچرر

## شعبہ ریاضی

آسامی خالی ہے ______ لیکچرر

## شعبہ شماریات

مس افراء وڑائچ — ایم ایس سی۔ ایم فل — لیکچرر

## شعبہ طبیعات

مسز نازیہ شریف — ایم ایس سی۔ بی ایڈ — اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ فارسی

آسامی خالی ہے ______ اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ کیمیا

مسز نوشین ناز — ایم ایس سی — اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ معاشیات

آسامی خالی ہے ______ لیکچرر

## ان تمام شعبوں میں آسامیاں خالی ھیں

| | | |
|---|---|---|
| شعبہ کمپیوٹر سائنس | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ صحت و تعلیم جسمانی | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ اردو | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ تاریخ | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ پولیٹیکل سائنس | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ نفسیات | آسامی خالی ہے | لیکچرر |
| شعبہ لائبریری | آسامی خالی ہے | لائبریرین |

## نوٹ

حکومت پنجاب کی جانب سے
ہر سال خالی آسامیوں پر
College Teaching Internees
سی ٹی آئی سٹاف
مہیا کیا جاتا ہے
تاکہ طالبات کا سیشن
مکمل کیا جا سکے

## کالج کونسل

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز صنوبر سلطانہ صاحبہ | چیئر مین | پرنسپل |
| 2۔ | مسز نوشین ناز | سیکرٹری | وائس پرنسپل |
| 3۔ | مسز شازیہ تبسم | ممبر | سینئر سٹاف ممبر |
| 4۔ | مصباح یاسمین | ممبر | سینئر سٹاف ممبر |
| 5۔ | ممبر پنجاب اسمبلی | ممبر | ممبر پنجاب اسمبلی |
| 6۔ | اسسٹنٹ کمشنر صاحب | ممبر | نمائندہ کمشنر |
| 7۔ | SDO صاحب بلڈنگز | ممبر | ممبر |
| 8۔ | سوشل ورکر | ممبر | ممبر |
| 9۔ | سوشل ورکر | ممبر | ممبر |
| 10۔ | والد طالبہ | ممبر | ممبر |
| 11۔ | والد طالبہ | ممبر | ممبر |
| 12۔ | طالبہ | ممبر | پوسٹ گریجوایٹ لیول |
| 13۔ | طالبہ | ممبر | ڈگری لیول |
| 14۔ | طالبہ | ممبر | انٹر لیول |

## دفتر عملہ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | عبدالغفار خان | ہیڈ کلرک |
| 2۔ | محمد عربی | سینئر کلرک |
| 3۔ | محمد احمد عباس | جونیئر کلرک |
| 4۔ | آسامی خالی ہے | لائبریری کلرک |

## لیبارٹری عملہ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مسز کلثوم اختر | SLA |
| 2۔ | آسامی خالی ہے | لیکچرر اسسٹنٹ |
| 3۔ | مسز خیر النساء | لیکچرر اسسٹنٹ |
| 4۔ | صابراں مائی | لیبارٹری اٹینڈنٹ کیمسٹری |
| 5۔ | محمد بلال | لیبارٹری اٹینڈنٹ بیالوجی |
| 6۔ | شازیہ بتول | لیبارٹری اٹینڈنٹ فزکس |

## انچارج کالج پراپرٹی

☆ مسز ثمرہ نواز — لیکچرر — انچارج پائیدار اشیاء
☆ مس افراء وڑائچ — لیکچرر — انچارج فرنیچر

## لاء آفیسر

☆ مس افراء وڑائچ — لیکچرر — لاء آفیسر

## سٹاف سیکرٹری

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر) — سٹاف سیکرٹری

## برسر

☆ مس افراء وڑائچ — (لیکچرر) — برسر

## تبدیلی مضامین کمیٹی

☆ مسز نازیہ شریف — (لیکچرر) — انچارج

## سیکورٹی معاملات

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر) — فوکل پرسن
☆ مسز شازیہ تبسم — (اسسٹنٹ پروفیسر) — سیکورٹی انچارج
☆ مس رقیہ اشرف — (لیکچرر) — ممبر
☆ مس افراء وڑائچ — لیکچرر — ممبر

## فیس معافی کمیٹی

☆ مصباح یاسمین — (لیکچرر) — انچارج
☆ مس رقیہ اشرف — (لیکچرر) — ممبر

## لائبریری انچارج

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر)

## ہم نصابی سرگرمیاں کمیٹی

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر) — انچارج
☆ مصباح یاسمین — (لیکچرر) — ممبر

## تقریبات قرأت و نعت کمیٹی

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر) — انچارج
☆ مس رقیہ اشرف — (لیکچرر) — ممبر

## تقریبا ت پاکستان ڈے /جشن آزادی

☆ مصباح یاسمین — (لیکچرر) — انچارج

## تقریبات (ملی نغمہ /کوئز

☆ مسز نوشین ناز — (اسسٹنٹ پروفیسر) — انچارج

## والدین سے چند اہم گزارشات

1۔طالبات کو کالج اوقات کار کی پابندی کا عادی بنائیں۔ بروقت یونیفارم میں کالج کے لیے روانہ کریں۔

2۔ اپنے بچوں کی اخلاقی تربیت کا اہتمام کریں اور ان کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں

3۔ بلا وجہ چھٹی کرنے پر سرزنش کریں۔کالج دیر سے آنے یا واپسی پر زیادہ لیٹ ہونے کی صورت میں باز پرس کریں۔

4۔ تعلیمی اداروں میں موبائل فون وغیرہ لانے پر سخت پابندی ہے اپنے بچوں پر نظر رکھیں کہ وہ کالج جاتے وقت موبائل لے جانے کے مرتکب تو نہیں ہو رہے علاوہ ازیں گھر میں موبائل کے کثرتِ استعمال کی حوصلہ شکنی کریں۔

5۔اپنے بچوں کو کالج املاک اور عمارت کی حفاظت کرنا سکھائیں کہ یہ قومی اثاثہ ہے جن کو نقصان پہنچانا قوم کی امانت میں خیانت کرنا ہے۔

## کالج مینیجمنٹ کمیٹی

☆ مسز صنوبر سلطانہ (اسسٹنٹ پروفیسر) پرنسپل/ چیئرمین
☆ مسز نوشین ناز (اسسٹنٹ پروفیسر) وائس پرنسپل / سیکرٹری

## کالج اکیڈمک کونسل

☆ مسز صنوبر سلطانہ (اسسٹنٹ پروفیسر) پرنسپل/ چیئرمین
☆ مسز نوشین ناز (اسسٹنٹ پروفیسر) وائس پرنسپل / سیکرٹری
☆ مسز شازیہ تبسم (اسسٹنٹ پروفیسر) ممبر
☆ مسز نازیہ شریف (اسسٹنٹ پروفیسر) ممبر
☆ مس مصباح یاسمین (لیکچرر) ممبر
☆ مس رقیہ اشرف (لیکچرر) ممبر
☆ مس افراء وڑائچ (لیکچرر) ممبر
☆ مس ثمرہ نواز (لیکچرر) ممبر

## کالج پرچیز کمیٹی

☆ مسز صنوبر سلطانہ (اسسٹنٹ پروفیسر) چیئرمین
☆ مسز نوشین ناز (اسسٹنٹ پروفیسر) سیکرٹری
☆ مس مصباح یاسمین (لیکچرر) ممبر
☆ مس رقیہ اشرف (لیکچرر) ممبر

## ٹائم ٹیبل کمیٹی

☆ مسز نازیہ شریف (اسسٹنٹ پروفیسر) انچارج ٹائم ٹیبل

## داخلہ کمیٹی

☆ مسز نوشین ناز (اسسٹنٹ پروفیسر) انچارج
☆ مس مصباح یاسمین (لیکچرر) برائے ایم اے ممبر
☆ مس رقیہ اشرف (لیکچرر) برائے آرٹس ممبر
☆ مس افراء وڑائچ (لیکچرر) برائے کمپیوٹر ممبر

## شعبہ امتحانات

☆ مس مصباح یاسمین (لیکچرر) کنٹرولر
☆ مس رقیہ اشرف (لیکچرر) اسسٹنٹ کنٹرولر

## سپورٹس کمیٹی

☆ مسز صنوبر سلطانہ (اسسٹنٹ پروفیسر) پرنسپل/ چیئرمین
☆ مس رقیہ اشرف (لیکچرر) انچارج سپورٹس

## پراکٹوریل بورڈ

☆ مس افراء وڑائچ (لیکچرر) انچارج پراکٹوریل بورڈ

## شجر کاری کمیٹی

☆ مس ثمرہ نواز (لیکچرر) انچارج

## انچارج ملازمین درجہ چھارم

☆ طاہر خان جونیئر کلرک انچارج

## ۱۰۔ مضامین کا انتخاب:

داخلہ فارم کی ہدایات کی مشق نمبر ۸ میں مضامین کے انتخاب میں احتیاط برتنے کو کہا گیا ہے چونکہ مضامین کا انتخاب تعلیمی کیریئر میں کلیدی کردار کی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے انتخاب کرتے ہوئے اپنے رجحان اور دلچسپی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے خوب سوچ بچار کر لیں ۔والدین اور اساتذہ کرام کے مشورے سے آپ یقیناً ایک بہترین انتخاب کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

مضامین کے انتخاب میں کالج کی طرف سے دی جانے والی درج ذیل ہدایات کو سامنے رکھیں:

۱۔ سالِ اوّل کی طالبات 1100 اور سالِ سوم کی طالبات یونیورسٹی کی جانب سے جاری کردہ مضامین میں سے انتخاب کر سکیں گی۔

۲۔ لازمی مضامین ہر طالبہ رکھے گی جب کہ اختیاری مضامین کے لیے پراسپکٹس میں دیے گئے شیڈول انتخاب مضامین میں سے کوئی ایک گروپ منتخب کرنا لازمی ہوگا۔

۳۔ ADP کے مضامین Semester سسٹم کے لحاظ سے ہوں گے۔

۴۔ کلاسز کے آغاز سے ۱۵ یوم کے اندر مضامین تبدیل کرنے کی اجازت ہوگی۔ سائنس میں داخل طالبات آرٹس کے مضامین کی طرف آ سکتی ہیں لیکن آرٹس کی طالبات سائنس کے کسی گروپ میں نہیں جا سکتیں۔ تاہم غیر معمولی کیس میں بشرط میرٹ اور سیٹ پرنسپل اجازت دے سکتی ہیں۔

۵۔ F.Sc اور ICS میں ری ایڈمیشن نہیں ہوگا۔

# مضامین کا انتخاب

# F.A

فرسٹ ایئر کی طالبات درج ذیل گروپس میں سے کوئی ایک گروپ منتخب کریں

(گروپ منتخب کرنے کے ساتھ کوڈ ضرور لکھیں) طالبات صرف گروپ کا انتخاب کریں۔ علیحدہ سے مضمون منتخب نہ کریں۔

## ECONOMICS GROUP

| S# | G. CODE | Subject 1 | Subject 2 | Subject 3 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 013 | ECONOMICS | MATHS | COMPUTER |
| 2 | 014 | ECONOMICS | EDUCATION | CIVICS |
| 3 | 015 | ECONOMICS | HISTORY | LIBRARY |
| 4 | 016 | ECONOMICS | PSY | COMPUTER |
| 5 | 017 | ECONOMICS | ISLAMIAT | COMPUTER |
| 6 | 018 | ECONOMICS | PSY | LIBRARY |
| 7 | 019 | ECONOMICS | MATHS | STAT |

## HEALTH & PHYSICAL EDUCATION

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 020 | H.&PHY.EDU. | EDUCATION | CIVICS |
| 2 | 021 | H.&PHY.EDU. | HISTORY | LIBRARY |
| 3 | 022 | H.&PHY.EDU. | PSY | COMPUTER |
| 4 | 023 | H.&PHY.EDU. | PSY | CIVICS |
| 5 | 024 | H.&PHY.EDU. | PSY | LIBRARY |
| 6 | 025 | H.&PHY.EDU. | HISTORY | COMPUTER |
| 7 | 026 | H.&PHY.EDU. | EDUCATION | COMPUTER |
| 7 | 027 | H.&PHY.EDU. | HISTORY | PERSION |

## STATE GROUP

| S# | G. CODE | Subject 1 | Subject 2 | Subject 3 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 001 | STAT | PSY | COMPUTER |
| 2 | 002 | STAT | PSY | LIBRARY |
| 3 | 003 | STAT | HISTORY | CIVICS |
| 4 | 004 | STAT | ISLAMIAT | COMPUTER |

# F.Sc

## گروپ برائے کلاس فرسٹ ایئر

نوٹ: سائنس مضامین کے لیے فرسٹ ڈویژن کا ہونا لازمی ہے۔

### GENERAL SCIENCE/ICS GROUP

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| G.S/ICS GROUP | GROUP NO.1 | COMPUTER | MATHS | PHYSICS |
| G.S/ICS GROUP | GROUP NO.2 | COMPUTER | MATHS | STAT |
| G.S/ICS GROUP | GROUP NO.3 | MATHS | STAT. | PHYSICS |

### PRE-MEDICAL GROUP

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| MEDICAL GROUP | GROUP NO.1 | PHYSICS | CHEMISTRY | BIO |

### PRE-ENGINEERING GROUP

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ENGR. GROUP | GROUP NO.1 | PHYSICS | CHEMISTRY | MATHS |

**نوٹ**

پریکٹیکل مضامین (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، نفسیات، ہیلتھ، اینڈ فزیکل ایجوکیشن، لائبریری سائنس، کمپیوٹر، سٹیٹ) کے پریکٹیکل جنوری تک مکمل کرکے کاپیاں چیک کروائیں۔ بنی بنائی کاپیاں نا قابل قبول ہوں گی۔

# مضامین کا انتخاب

## ADP/ADS

### 1ST. SEMESTER

1. English Structure
2. IT Skills
3.Statistics
4. Natural Sciences
5. Social Sciences
6. Art & Humanities

**نوٹ:**
حکومت نے روایتی بی اے/بی ایس پروگرام کالجز میں ختم کر کے ADP پروگرام شروع کیا ہے جو 4 سمیسٹر پر مشتمل ہے۔

### 2nd. SEMESTER

1. English Literature
2. Critical Thinking & Reasoning
3. Basic Health Awareness
4. Natural Science
5. Social Science
6. ART& Humanities

Note: Optional subjects will be opt on the bases of availability of teaching staff from the list issued by University.

### 3rd. SEMESTER

1. English Communication skills
2. Islamic Studies
3. Pak Studies.
4. Constitutional legal system of Pakistan.
5. Subject *

### 4th. SEMESTER

Subject *

### EXPLANATION

Subject = The word subject represent all the different disciplines that are offered in a college, and which have been approved by Islamia University of Bahawalpur.

## F.A

فرسٹ ایئر کی طالبات درج ذیل گروپس میں سے کوئی ایک گروپ منتخب کریں
(گروپ منتخب کرنے کے ساتھ کوڈ ضرور لکھیں) طالبات صرف گروپ کا انتخاب کریں۔ علیحدہ سے مضمون منتخب نہ کریں۔

| PERSIAN GROUP | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 005 | PERSIAN | EDUCATION | CIVICS |
| 2 | 006 | PERSIAN | HISTORY | LIBRARY |
| 3 | 007 | PERSIAN | PSY | COMPUTER |
| 4 | 008 | PERSIAN | HISTORY | COMPUTER |
| 5 | 009 | PERSIAN | EDUCATION | COMPUTER |
| 6 | 010 | PERSIAN | ISLAMIAT | COMPUTER |
| 7 | 011 | PERSIAN | PSY | LIBRARY |
| 8 | 012 | PERSIAN | ISLAMIAT | LIBRARY |
| 8 | 013 | PERSIAN | PSY | STAT |

### تھرڈ ایئر مضامین کا انتخاب

تھرڈ ایئر کی خواہشمند طالبات اپنے مضامین کا انتخاب کرتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

**لازمی مضامین :**

درج ذیل لازمی مضامین تمام طالبات کو لازمی پڑھنا ہوں گے۔

1۔انگلش سٹرکچر (English Structure)    2۔آئی ٹی سکلز (I.T.Skills)
3۔شماریات(Statistics)

**اختیاری مضامین :**

طالبات کو فرسٹ سمسٹر میں داخلے کے لیے درج ذیل اختیاری مضامین میں سے تین مضامین کا انتخاب کرنا ہوگا۔
اختیاری مضامین کا انتخاب ٹیچنگ سٹاف کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

1۔نیچرل سائنس Natural Science    2۔سوشل سائنس Social Science
3۔آرٹ اینڈ ہیومینٹیز Art & Humanities

## ۱۱۔فیس فنڈز اور واجبات:

سالِ اوّل اور سالِ سوم کے لیے فیس و فنڈز ات شیڈول نمبر 1 اور شیڈول نمبر 2 کے مطابق چالان فارم کے ذریعے وصول کیے جاتے ہیں۔داخلہ کے اہل امیدواروں سے ایک سال کی فیس اور فنڈز لیے جاتے ہیں،اس سلسلے میں ضروری ہدایات درج ذیل ہیں:

۱۔ مقررہ تاریخ تک واجبات ادا نہ کرنے کی صورت میں 50 روپے یومیہ جرمانہ وصول کیا جائے گا اور ادائیگی میں ایک ہفتہ تاخیر پر نام خارج کر دیا جائے گا۔

۲۔ واجبات کی ادائیگی بینک چالان کے ذریعے کریں اور رسید اپنے پاس محفوظ رکھیں،نقد ادائیگی ہرگز نہ کریں ورنہ ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ادائیگی کے حوالے سے کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں پرنسپل صاحبہ سے رابطہ کریں۔

۳۔ کسی بھی طالبہ کو واجبات کی ادائیگی کے بغیر کالج چھوڑنے کی اجازت نہ ہوگی۔جو طالبہ اپنا مائیگریشن کروانا چاہتی ہیں وہ اپنا کیس مکمل ہونے یا اجازت ملنے تک واجبات ادا کرتی رہیں گی ۔

۴۔ کالج زرضمانت/سیکیورٹی سالانہ امتحان کے اختتام پذیر ہونے کے چھ ماہ تک واپس نہ لینے کی صورت میں بحق ادارہ ضبط تصور ہوگی۔

۵۔ رجسٹریشن فیس میں بورڈ/یونیورسٹی کے احکام کی روشنی میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔

نوٹ: فیس شیڈول پراسپکٹس کے آخری صفحات میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

## ۱۲۔تبدیلی مضامین:

سالِ اوّل اور سالِ سوم کی کوئی طالبہ اگر اپنے مضامین تبدیل کرنا چاہے تو سیشن کے آغاز میں کالج کی طرف سے اعلان کردہ تاریخ کے اندر درخواست لکھ کر موجودہ مضامین کی اساتذہ سے عدم اعتراض اور مجوزہ مضامین کی اساتذہ سے اجازت حاصل کرے اور پھر پرنسپل یا اس مقصد کے لیے مقرر کردہ استاد سے توثیقی دستخط کروا کر درخواست کالج آفس شعبہ طالبات جمع کروادیں تاکہ کالج ریکارڈ میں مضمون کی تصحیح کردی جائے۔

نوٹ: (i) کوئی ایک مضمون تبدیل نہیں ہوگا، مکمل گروپ منتخب کریں۔

(ii) گزشتہ مضمون کے استاد کے پاس اپنا رول نمبر رجسٹر سے کٹوالیں تاکہ اس مضمون میں غیر حاضری کے باعث آپ کا نام کالج سے خارج نہ ہوجائے۔

## ۱۳۔فیس معافی:

مستحق اور نادار طالبات کو تعلیم جاری رکھنے کے لیے کالج کی طرف سے فیس معافی کی رعایت دی جاتی ہے، جب اس ضمن میں داخلے کے وقت درخواستیں طلب کی جائیں تو اپنی درخواست مع مطلوبہ دستاویزات کالج آفس میں جمع کرواتے ہوئے درج ذیل ہدایات پیش نظر رکھیں:

۱۔ درخواست پر والد/سرپرست کے علاوہ متعلقہ کونسلر کے دستخط ہوں۔

۲۔ آمدنی کا سرٹیفکیٹ تحصیل داریا گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہو۔

۳۔ طالبات کی کل تعداد کے صرف دس فیصد کی ٹیوشن فیس معاف کی جاتی ہے۔ ٹیوشن فیس کے علاوہ دیگر واجبات کی ادائیگی ہر طالبہ پر واجب ہے۔ یہ رعایت پورے تعلیمی سیشن کے لیے ہوتی ہے۔

۴۔ جن طالبات کی ٹیوشن فیس معاف نہیں ہوسکتی استحقاق کی صورت میں انہیں بلالِ احمر فنڈ سے مدد دی جاتی ہے۔

۵۔ فیس معافی/بلالِ احمر کی رعایت دیتے وقت یتیم، نادار کم آمدنی والے اور تعلیم وکھیل میں نمایاں کارکردگی کے حامل طالبات کو ترجیح دی جاتی ہے۔

۶۔ داخلی امتحانات میں غیر تسلی بخش کارکردگی، غیر حاضری، غیر قانونی، سیاسی اور تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں طالبات سے تمام مراعات واپس لے لی جاتی ہیں۔

## ۱۴۔ نام خارج ہونا:

ایک ماہ میں دس غیر حاضری پر طالبہ کا نام کالج سے خارج کردیا جاتا ہے۔ ایک مضمون میں نام خارج ہونا کالج سے خارج ہونا ہے۔ نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی، اساتذہ وانتظامیہ کے احکامات سے روگردانی یا تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں بھی پراکٹوریل بورڈ پرنسپل کو طالبہ کا نام کا خارج کرنے کی سفارش کرسکتی ہے۔

نام خارج ہونے یا پورے سیشن میں 70 فی صد سے کم حاضریاں ہونے پر امتحانی داخلہ روک لیا جاتا ہے نام خارج ہونے سے بچنے کے لیے طالبات درج ذیل ہدایات کی پابندی کریں۔

۱۔ واجبات بروقت ادا کریں۔

۲۔ کالج میں باقاعدہ آئیں اور متعلقہ استاد سے اپنی حاضریوں اور غیر حاضریوں کا تناسب معلوم کرتی رہیں۔

۳۔ ضابطہ نظم وضبط کی پابندی کریں۔

۴۔ ماہانہ ٹیسٹ، دسمبر ٹیسٹ اور دیگر داخلی امتحانات میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔

## لائبریری استعمال کرنے کے لیے قواعد وضوابط

1۔ ہر طالبہ کو خاموشی اور نظم وضبط کے ساتھ لائبریری استعمال کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔

2۔ طالبات صرف فارغ اوقات میں لائبریری آئیں۔ کلاس چھوڑ کر لائبریری میں بیٹھنا سختی سے منع ہے۔

3۔ طالبات داخلہ کے بعد پندرہ دنوں کے اندر داخلہ رسید دکھا کر لائبریری کارڈ وصول کر سکتے ہیں۔

4۔ ہر طالبہ صرف اپنے کارڈ پر ہی کتاب جاری کرا سکتی ہے دوسری طالبہ کا کارڈ استعمال کرنے کی صورت میں بھاری جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

5۔ کتاب چودہ دنوں کے لیے جاری کی جاتی ہے اگر مزید ضرورت ہو تو دوبارہ جاری کرائیں تاخیر سے کتاب جمع کرانے پر ایک روپیہ یومیہ جرمانہ کیا جائے گا۔

6۔ ایک وقت میں دو سے زیادہ کتابیں جاری نہیں کی جائیں گی۔

7۔ اخبارات، میگزین اور حوالہ جاتی کتب صرف لائبریری میں مطالعے کے لیے ہوتی ہیں وہ کسی بھی صورت میں جاری نہیں کی جاسکتیں۔

8۔ کتاب پھٹ جانے یا گم ہو جانے کی صورت میں نئی کتاب یا اس کی قیمت کی چار گنا رقم ادا کرنا ہوگی۔

9۔ کالج کی حدود میں موبائل لانا سختی سے منع ہے جبکہ لائبریری میں اس کا استعمال سنگین جرم ہے۔ خلاف ورزی کرنے والی طالبہ کو کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

10۔ لائبریری میں شور کرنے یا لائبریری کلرک سے الجھنے کی صورت میں پراکٹوریل بورڈ تادیبی کارروائی کر سکتا ہے۔

11۔ رسائل و اخبارات کے تراشے لینا جرم ہے ایسا کرنے والی طالبہ پر بھاری جرمانہ عائد ہو سکتا ہے۔

12۔ بغیر لائبریری کلیئرنس کے رول نمبر سلپس جاری نہیں کی جاتیں۔ کلیرنس کے وقت ایشو کارڈ پیش کرنا لازم ہوگا اور سیکورٹی کے حصول کے لیے طالبات یہ کارڈ جمع کرانے کی پابند ہوں گی۔

13۔ اگر کسی طالبہ سے Tablet, Mobile وغیرہ برآمد ہوا تو نہ صرف Device تحویل میں لے لیا جائے گا بلکہ طالبہ کا نام بھی کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

14۔ ہر طالبہ اپنا ID کارڈ پہن کر رکھیں گی وہ گیٹ پر بھی چیک ہوگا اور باقی کسی بھی ٹائم پروکٹرز چیک کر سکتی ہیں، نہ ہونے کی صورت میں جرمانہ کیا جائے گا

15۔ ایک دفعہ گم ہونے کی صورت میں 100 روپیہ فائن ہوگا اور 50 روپیہ دوبارہ بنوانے کی فیس ہوگی۔

16۔ طالبات اپنے امتحانات سے پندرہ دن پہلے فری ہوں گی۔ پندرہ دن سے زیادہ نہ آنے والی طالبہ غیر حاضر شمار ہوگی۔

17۔ طالبات کو کالج میں کسی بھی قسم کی ذاتی پارٹی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کرنے والی طالبہ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی کی جاسکتی ہے۔

18۔ جو طالبات کالج آئیں گے وہ صرف چھٹی کے وقت ہی گھر واپس جاسکیں گی۔

# کالج یونیفارم

تمام تعلیمی اداروں میں ایک جیسا لباس تجویز کیا جاتا ہے تا کہ نظم وضبط کا رجحان بڑھے۔ یونیفارم کا مقصد غیر طبقاتی ماحول پیدا کرنا ہے۔

## برائے فرسٹ ایئر

| آرٹس | میڈیکل (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی) | انجینئرنگ (فزکس، کیمسٹری، میتھ) |
|---|---|---|
| سفید قمیض، سفید شلوار، میرون دوپٹہ | سفید قمیض، سفید شلوار، پنک دوپٹہ | سفید قمیض، سفید شلوار، سرخ دوپٹہ |

## برائے سیکنڈ ایئر

| آرٹس | میڈیکل (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی) | انجینئرنگ (فزکس، کیمسٹری، میتھ) |
|---|---|---|
| سفید قمیض، سفید شلوار، نیلا دوپٹہ | سفید قمیض، سفید شلوار، فیروزی دوپٹہ | سفید قمیض، سفید شلوار، رائل بلیو دوپٹہ |

## برائے تھرڈ ایئر

1st & 2nd Semester میں تمام طالبات سفید قمیض اور سفید شلوار کے ساتھ سبز رنگ کا دوپٹہ پہن کر آئیں گی۔

## برائے فورتھ ایئر

3rd & 4th Semester میں تمام طالبات سفید قمیض اور سفید شلوار کے ساتھ Peach رنگ کا دوپٹہ پہن کر آئیں گی۔

## یونیفارم کے متعلق ضروری ہدایات:

یونیفارم انتہائی سادہ ہو، فیشن کے مطابق ڈیزائننگ نہ ہوں ورنہ جرمانہ کیا جائے گا۔ موسم سرما میں گرم کپڑوں کی ضرورت ہوتی ہے تمام کلاسز کے لیے بلیک جرسی اور بلیک شوز، شال ہر طالبہ پر لازم ہے کہ وہ موسم کے مطابق مجوزہ یونیفارم میں کالج آئے۔ یونیفارم نہ پہننے والی طالبات کو ڈیوٹی آفیسر کلاس انچارج جرمانہ کرنے کے مجاز ہیں۔ قمیض کف کالر والی ہوں اس میں کوئی ڈیزائن اور لیس نہ ہو۔ سوٹ سوتی کپڑے کا ہو جوتے کالے اور بند ہوں اور بغیر ہیل کے ہوں۔

# فیس شیڈول کلاس ایف اے/ ایف ایس سی/ آئی سی ایس

| نمبر شمار | فیس مدات | ایف اے | ایف ایس سی (پری میڈیکل) | ایف ایس سی (پری انجینئرنگ) | ایف ایس سی (جنرل سائنس) | آئی سی ایس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس | 80.00 | 65.00 | 65.00 | 65.00 | 80.00 |
| 2 | ٹیوشن فیس | 600.00 | 600.00 | 600.00 | 600.00 | 600.00 |
| 3 | جنرل فنڈ | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 4 | میڈیکل فنڈ | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 5 | ریڈ کراس فنڈ | 60.00 | 60.00 | 60.00 | 60.00 | 60.00 |
| 6 | سائنس بریکیج فنڈ | ------- | 60.00 | 60.00 | 60.00 | 60.00 |
| 7 | ویلفیئر فنڈ | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 8 | میگزین فنڈ | 120.00 | 120.00 | 120.00 | 120.00 | 120.00 |
| 9 | کالج امتحانات فنڈ | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 10 | بورڈ رجسٹریشن فیس | بمطابق بورڈ | بمطابق بورڈ | بمطابق بورڈ | بمطابق بورڈ | بمطابق بورڈ |
| 11 | لائبریری سیکورٹی فیس | 500.00 | 500.00 | 500.00 | 500.00 | 500.00 |
| 12 | کمپیوٹر فیس | NIL | NIL | NIL | NIL | 300.00 |
| 13 | سپورٹس فنڈ | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 14 | آئی ڈی کارڈ فنڈ | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 15 | برقعہ فنڈ | 100.00 | 100.00 | 100.00 | 100.00 | 100.00 |
| 16 | ٹرانسپورٹ فنڈ | 150.00 | 150.00 | 150.00 | 150.00 | 150.00 |
| 17 | بورڈ الحاق فنڈ | 240.00 | 240.00 | 240.00 | 240.00 | 240.00 |

نوٹ: بورڈ رجسٹریشن فیس بورڈ کی مقرر کردہ شرح کے مطابق وصول کی جائے گی۔ 50 روپے فی پریکٹیکل مضمون

# فیس شیڈول کلاس ADP

| ADP | فیس مدات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 225.00 | داخلہ فیس | 1 |
| 720.00 | ٹیوشن فیس | 2 |
| 50.00 | جنرل فنڈ | 3 |
| 50.00 | میڈیکل فنڈ | 4 |
| 60.00 | ریڈکراس فنڈ | 5 |
| 120.00 | سائنس بریکیج فنڈ | 6 |
| 50.00 | ویلفیئر فنڈ | 7 |
| 120.00 | میگزین فنڈ | 8 |
| 180.00 | کالج امتحانات فنڈ | 9 |
| بمطابق یونیورسٹی | یونیورسٹی رجسٹریشن فیس | 10 |
| 500.00 | لائبریری سیکورٹی فیس | 11 |
| 400.00 | کمپیوٹر فیس | 12 |
| 180.00 | سپورٹس فنڈ | 13 |
| 50.00 | آئی ڈی کارڈ فنڈ | 14 |
| 100.00 | برقعہ فنڈ | 15 |
| 150.00 | ٹرانسپورٹ فنڈ | 16 |
| 360.00 | یونیورسٹی الحاق فنڈ | 17 |

نوٹ: تمام طالبات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی کے واجبات شیڈول کے مطابق ادا کریں گی۔

# ضروری ہدایت برائے والدین اور طالبات

1۔صبح کے وقت کالج اوقات کار شروع ہونے کے آدھا گھنٹہ قبل کالج کے اندر داخل ہونے کی اجازت ہے۔اوقات کار کے شروع ہونے کے آدھا گھنٹہ بعد طالبات کو کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔

2۔کالج کی چھٹی ہونے کے بعد والدین اپنی بچیوں کو آدھے گھنٹے کے اندر کالج سے لے جائیں۔ورنہ کالج انتظامیہ ذمہ دار نہ ہوگی۔

3۔کالج کی تمام ریگولر طالبات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کالج اوقات کار کسی بھی حالت میں بغیر یونیفارم نہیں آسکتیں۔

4۔کالج کی حدود میں داخل ہونی والی طالبات چھٹی ٹائم ہی گھر واپس جاسکتی ہیں۔

5۔بغیر یونیفارم طالبات صرف **Admin Block** تک محدود رہیں گی اور **Academic Block** سے دور رہیں گی۔

6۔کالج کی سابقہ طالبات **12:00** بجے کے بعد کالج آئیں گی اور چھٹی ٹائم کے وقت کالج سے جاسکیں گی اور موبائل فون کالج گیٹ پر جمع کروانا ہوگا۔اگر موبائل کالج کے اندر طالبات کے پاس برآمد ہوا تو وہ ضبط کرلیا جائے گا۔برآمد ہونے کا جرمانہ **-/1000** روپے ہے اور موبائل فون طالبہ کو ہرگز واپس نہیں کیا جائے گا۔

7۔طالبات کو اپنے **Bags** میں گھر کے کپڑے، جوتے، میک اپ کا سامان، **Mobile,Mp3** اور اس طرح کی کوئی بھی چیز لے کر آنا سختی سے منع ہے۔

8۔ **Mobile,Mp3** وغیرہ برآمد ہونے کی صورت میں **Mobile Phone,Mp3** وغیرہ ضبط کرلیا جائے گا۔برآمد ہونے کا جرمانہ **-/1000** روپے ہے اور موبائل فون طالبہ کو ہرگز واپس نہیں کیا جائے گا۔

9۔کالج میں طالبات کا ذاتی فنکشن کرنا سختی سے منع ہے۔والدین سے خصوصی التماس ہے کہ وہ بھی کالج میں کیک اور دوسری کھانے پینے کی اشیاء کالج گیٹ پر نہ دے کر جائیں۔

10۔کالج اوقات کار میں کسی انتہائی ایمرجنسی کی صورت میں طالبات کو صرف وہی شخص چھٹی سے پہلے گھر لے کر جانے کا مجاز ہوگا جس کے شناختی کارڈ کی کاپی اور موبائل نمبر **Admission Form** کے ساتھ لف ہوگا۔

11۔والدین سے خصوصی التماس ہے کہ **Parant Teacher Meeting** پر ضرور تشریف لائیں تاکہ والدین اپنی بچی کی تعلیمی اور اخلاقی حالات سے آگاہ ہوسکیں۔

ادارہ آپ کے تعاون کا مشکور ہوگا

بحکم پرنسپل

# GENERAL HEALTH PROFILING FOR SCHOOL / COLLEGE STUDENTS

Following Structure of Profiling is recommended to be followed:

Name of the institution: Govt. Associate College for Women Liaquat Pur

Name of District: Rahim Yar Khan

☐ VACCINATED ☐ NON-VACCINATED

## PART A

Basis Medical History (to be filled by student):

Bio Data:

i. Name________________ ii. Age:________ iii.Gender: Female / Trans Gender

iv. CNIC / Bay Form ________________

V. Class__________ Contact No. of Parent / Guardian: __________

## PART B

History ( to be filled by student & verified by recognized Medical Professional (RMP)

| | |
|---|---|
| i. Family History of any Medical or Psychiatric illness | |
| ii. Family History of any Medical or Psychiatric illness | |
| iii. History of substance abuse in family | |
| iv. History of substance abuse in family | |

## PART C

General Physical Examination (to be filled by Paramedical Staff)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. Overall General Physical Health on appearance | | | |
| ii. Height | | iii. Weight | |
| iv. Blood Pressure | | V. Temperature | |
| vi. Pulse Rate | | vii. Respiratory Rate | |
| viii. Any obvious structure abnormality on inspection | | | |
| ix. Any superficial Cuts, needle marks or burn marks on skin | | | |

## PART D

General Mental Health (to be filled by psychiatrist):

i: General appearance & behavior especially self, report building. understanding of situation & response to questions & instructions.

ii: General Mental Health (to be filled authenticated concerned institution):

| | |
|---|---|
| i. Past psychiatric History, if any | |
| ii. History of smoking & any other Substance / drugs abuse | |
| iii. A decline in academic performance. | |
| iv. Manifestation of risky behaviours e.g increased frequency of vehicle accidents, frequent school fight, keeping some weapons like knife etc. | |
| v. Habit of running away/ bunking routine classes. | |
| vi. History of stealing, late coming in classes, involvement in sexual activities. | |
| vii.Keeping bad company/ friends with habits of bullying using drugs of fights. | |
| viii.Declie iin other activates of interest/ hobbies. | |
| ix. Abrupt change in daily routine. | |
| x. Disturbed sleep-wake cycle/habit of dozing in the classes. | |

## PART E

(is applicable in case of positive initial risk assessment)

### 1. structured / formal psychological assessment:

| | |
|---|---|
| Proceed to this or referral for this only if there is increased risk of substance use suspected on the basis of above mentioned General Health Profile | |

### 2. Urine drug secreening test

| | |
|---|---|
| Employ this for confirmation if formal psychological assessment confirms the suspicion of substance use found on screening by the General Health Profiling | |
| Xi. Social media post/ other pointers of interest towards substance/drug use e.g. Tattoos, stickers on vehicle/ books. Etc. | |
| Xii. Increase frequency of mood swings or increased irritability. | |
| Xiii. Lach of physical energy & motivation, easy fatigability. | |
| Xiv. Decline in Self -Care | |
| Xv. Unusual suspiciousness or any other unusual/ unexplainable behavior | |
| Xvi. Decline in self-care. | |
| Xvii. Unusual protective behaviours /being over-secretive behavior regarding personal belongings. | |
| Xviii. Evidence of remains of cigarettes / other objects of use, employed in taking drug, inside his/her personal belongings. | |

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE (FOR WOMEN)


LIAQUAT PUR DISTT: R.Y.KHAN

Ph: 068-5795930 E-Mail: gpgcwlqpryk@gmail.com

Youtube Channel for free Online Education : gpgcwlqpryk


Class____________ Session___________ File No.___________ Class Roll No.________

Picture Here With Gum Stick

Name of Student in English______________________________

Name of Student in Urdu______________________________

Father's Name______________________________

Gender: Female ☐ Transgender ☐ Date of Birth: Day_____Month______Year________

Age at the time of admission : Year_______________Month_____________Days_____________

Student height________________Weight________________Blood Group________________

Student Bay Form No. / CNIC No.______________________________

Disease if any Please mention______________________________

Student Email______________________Whatsapp No.________________

Domicile District__________________Nationality______________Religion____________

Disability____________Disable / Non disable Hafiz_____Yes/No Orphan/Not Orphan

Curricular Activities__________________Games Name (if Sportsman)__________________

Father/Guardian Occupation____________________Monthly/ Annual Income_____________

Parents?Guardian Contact No. (In case of Guardian Name and Relation)__________________

Permanent Address______________________________

**ACADEMIC QUALIFICATION**

| Certificate /Degree | Roll No. | Passing Year | Total Marks | Obtained Marks | Division/ %age | Board/University |
|---|---|---|---|---|---|---|
| SSC (Matric) | | | | | | |
| HSSC (Intermediate) | | | | | | |

**ELECTIVE SUBJECTS**

(I) *NOTE*: 1. English 2. Urd 3. Islamiat are Compulsory Subject Please choose any group from Prospectus

Group Name: Arts/ Engineering / Medical / ICS / ADP Group Code:________________

1. Subject (i)_______________2. Subject (ii) _______________3. Subject (iii)_______________

The above information is correct to the best of my knowledge & belief.

(II) NOTE: For ADP classes, students will select only one subjects from Social Sciences, Natural Sciences and Arts & Humanities groups allows with compulsory subjects.

Parents / Guardian Signature____________________ Student Signature with thumb impression______________

**FOR OFFICE USE ONLY**

Signature of the Members of Admission Committee

1.________________________ 2.________________________ 3.________________________

Remarks if non complete files or any other reason______________________________

______________________________

## CONTACT INFORMATION

## EMERGENCY NUMBERS

ایمر جنسی کی صورت میں گھر کے ایسے دو افراد کا ڈیٹا مہیا کریں جو کسی بھی ایمر جنسی کی صورت میں طالبہ کو گھر لے جا سکیں۔ جن افراد کا ڈیٹا مہیا کیا جائے ان افراد کا طالبہ کے ساتھ رشتہ بھی ظاہر کیا جائے اور ان افراد کے شناختی کارڈ کی کاپی بھی لف کی جائے اور شناختی کارڈ کی کاپی پر طالبہ کے ساتھ رشتہ بھی لکھا جائے۔ زیر دستخطی کو اختیار ہو گا کہ وہ طالبہ کے دیئے گئے مطلوبہ نمبرز کی تصدیق کر سکے غلط بیانی کی صورت میں طالبہ کو کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔
ایمر جنسی کی صورت میں طالبہ کو لے جانے والے افراد اپنے اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں اور درخواست کے ہمراہ شناختی کارڈ کی کاپی لف کریں۔

1. Name______________________Fathers Name______________________

Relation______________CNIC No______________________

Address______________________________Contact No.________________

2. Name______________________Fathers Name______________________

Relation______________CNIC No______________________

Address______________________________Contact No.________________

**SAMPLE:**

1. Name محمد طاہر خان Fathers Name محمد حبیب خان

Relation بھائی CNIC No 31302-1234567-3 (شناختی کارڈ نمبر محمد حبیب)

Address کچی منڈی نزد لاری اڈہ لیاقت پور Contact No. 0300-12345678 رابطہ نمبر محمد حبیب

**سابقہ سالوں میں پاس کردہ طالبات کے لیے نمونہ برائے اشٹام**

اگر کسی طالبہ نے میٹرک یا ایف اے کا امتحان سابقہ پانچ سالوں میں پاس کیا ہو تو صرف وہی طالبہ بورڈ کی ہدایت کے مطابق درج ذیل اشٹام مہیا کرے گی غلط بیانی کی صورت میں اگر بورڈ یا یونیورسٹی داخلہ مسترد کرتی ہے تو طالبہ خود ذمہ دار ہو گی ادارہ ایسی کسی داخلہ کی ذمہ داری نہ لے گا۔

میں مسماۃ عالیہ بتول دختر محمد قاسم سکنہ چوہدری ٹاؤن لیاقت پور ضلع رحیم یارخان کی رہائشی ہوں۔

میں حلفاً بیان کرتی ہوں کہ میں نے میٹرک/ ایف اے کا امتحان سال.................. میں پاس کیا تھا۔

میں حلفاً بیان کرتی ہوں کہ میں نے میٹرک/ ایف اے کا امتحان.................. میں پاس کرنے کے بعد میں نے کسی بھی ادارہ میں فرسٹ ایئر میں داخلہ نہ لیا ہے اور نہ بورڈ کے کسی امتحان (فرسٹ ایئر و سیکنڈ ایئر، بی اے/ بی ایس سی میں شرکت کی ہے۔

میرا بیان بالکل درست ہے اور کوئی امر مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے غلط بیانی کی صورت میں اگر بورڈ میرا داخلہ مسترد کرتا ہے یا نااہل قرار دیتا ہے تو بورڈ کی جانب سے عائد کردہ جرمانہ بھی ادا کروں گی اور نااہلی کی صورت میں خود ذمہ دار ہوں گی ادارہ ذمہ دار نہ ہو گا اور نہ ہی واپسی فیس کے لیے کسی قسم کا کلیم کروں گی۔

دستخط ومہر اوتھ کمشنر — دستخط و نشان انگوٹھا طالبہ

## Attach Documents:

1. Matric / Intermediate Result Card (3) Photocopy Attested
2. Bay Form (2 Photo Copy )
3. Character Certificate (One Photo copy in case of regular Student)
4. Father's CNIC (One Photo copy attested
5. Two CNIC copy of emergency persons
6. Passport size pictures (4 pic without attestation)

گورنمنٹ ایسوی ایٹ کالج برائے خواتین لیاقت پور

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE (FOR WOMEN)

## LIAQUAT PUR DISTT: R.Y.KHAN

Ph: 068-5795930

جمشید ناصر ولید پرنٹرز پریس مارکیٹ خانپور فون: 0300-8774505

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE (FOR WOMEN)

## LIAQUAT PUR DISTT: R.Y.KHAN

Ph: 068-5795930 E-Mail: gpgcwlqpryk@gmail.com

File No. ______ **Session** ______ Class Roll No. ______

| | |
|---|---|
| Name | |
| Father Name | |
| Contact Number | |
| Address | |
| | |

**Matric Information**

**Elective Subjects in Matric**

1: 2: 3:

Total Marks ______ Obtaind Marks ______

Passing Year ______ Division ______

**Intermediate Information**

**Elective Subjects in Intermediate**

1: 2: 3:

Total Marks ______ Obtaind Marks ______

Passing Year ______ Division ______

**فیس معافی کی صورت میں**

درخواست نمبر ______

والد کا ذریعہ آمدن ______ ماہانہ آمدنی ______

دستخط چیئرمین فیس معافی ______

**FOR OFFICE USE ONLY**

Issue Date ______ Chalan No ______ Chalan Receipt Date ______

***ATTACH DOCUMENTS***

1. Metric / Inter Result Cards 3 Photocopy
2. Bay form of Student 01 Photocopy
3. Character certificate 01 Photocopy in case of regular
4. CNIC of Father 01 Photocopy
5. Photocopy of representive person in case of emergency
6. Postal Envelop 4 with complete address
7. Picture of Passport size 3 without attestation

تصویر کے علاوہ تمام کاغذات تصدیق شدہ ہوں اگر کالج سے تصدیق کروانے ہوں تو اصل کاغذات ہمراہ لائیں بغیر تصدیق شدہ فائل جمع نہیں ہوگی
فائل جمع کرانے کے بعد اسکی وصولی رسید ضرور حاصل کریں